میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

جمعہ، 19 محرم، 1443ھ | 27/08/2021 | نمبر: 1443/05

پریس ریلیز

منیب الرحمٰن کی بازیابی کے لیے آواز بلند کریں۔
خلافت کے ذریعے مسلم دنیا کو یکجا کرنے کی دعوت دینا جرم نہیں بلکہ فرض ہے۔

20 اگست 2021 کو نماز جمعہ سے کچھ دیر قبل پاکستان کی انٹیلی جنس ایجنسیوں نے خلافت کے داعی منیب الرحمٰن کو اغوا کرلیا۔ منیب کی عمر 32 سال ہے، اور وہ چار سال کی بیٹی کے ذمہ دار والد ہیں۔ وہ اپنی بیمار ماں کے تابعدار اور خدمت گزار بیٹے ہیں، وہ ماں جو الزائمرز Alzheimer's بیماری کا شکار ہیں اور اسی سال بیوہ بھی ہو گئیں تھیں، جب ان بیماری کا آغاز ہوا۔ منیب ایک سرشار اور محنتی پروفیشنل ہیں، ایک مشہور فرم میں مارکیٹنگ ایسوسی ایٹ کے طور پر کام کر رہے ہیں، جبکہ انہوں نے پبلک ایڈمنسٹریشن میں ماسٹرز کی ڈگری حاصل کر رکھی ہے۔ لیکن اس کے باوجود پاکستان کے حکمرانوں نے منیب کو اغوا کیا، اس پر اور اس کے گھر والوں پر ظلم کیا جن کے معاملات کا سارا دارومدار منیب پر ہے، جبکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، **«اتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ فَإِنَّهَا لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللَّهِ حِجَابٌ» "مظلوم کی بددعا سے ڈرتے رہنا کہ اس (دعا) کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ نہیں ہوتا۔"** (بخاری)۔

درحقیقت منیب کو اُن لوگوں کے خلاف ایک ملک گیر کریک ڈاون کے دوران اغوا کیا گیا ہے جو افغانستان سے امریکا کے ذلت آمیز انخلاء کے بعد خطے میں اسلامی حکمرانی کی حمایت کر رہے ہیں۔ منیب کا یہ مشہور و معروف موقف رہا ہے کہ پاکستان، افغانستان اور وسطی ایشیا کو نبوت کے نقشِ قدم پر ایک طاقتور خلافت تلے لازمی یکجا کیا جائے۔ منیب کا موقف ہرگز کوئی جرم نہیں بلکہ یہ وہ موقف ہے جسے اختیار کرنا اسلام کی رُو سے تمام مسلمانوں پر فرض ہے۔ لیکن اس کے باوجود پاکستان کے حکمرانوں نے منیب کو تکلیف پہنچائی جبکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ایک حدیث قدسی میں خبردار کیا ہے کہ، **«مَنْ عَادَى لِي وَلِيًّا فَقَدْ آذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ» "جس نے میرے کسی ولی سے دشمنی کی، میرا اس کے خلاف اعلانِ جنگ ہے"** (بخاری)۔

پاکستان کے حکمران محض زبانی کلامی مدینہ کی ریاست کی باتیں کرتے ہیں جبکہ درحقیقت انہوں نے ہمارے دین کے خلاف قریشِ مکّہ جیسا بدترین رویہ اپنا رکھا ہے کیونکہ یہ امریکا کے اتحادی ہیں۔ آج ہمیں جو تاریخی اور سنہری موقع میسر ہوا ہے تو اس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ضروری تھا کہ خطے میں خلافت کا قیام عمل میں لایا جاتا، لیکن پاکستان کے حکمران طالبان سے یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ وہ اس نظام کا حصہ بنیں جسے امریکا نے قائم کیا ہے، اور امریکا کے ایجنٹوں اور کٹھ پتلیوں کے ساتھ شراکتِ اقتدار کو قبول کریں۔ پاکستان کے حکمرانوں کو خلافت کے سائے تلے خطے کے مسلم ممالک کو یکجا کرنے کا عمل شروع کرنا چاہیے لیکن وہ اس کی جگہ مسلمانوں کے درمیان کافر استعمار کی کھڑی کی گئیں سرحدوں کو مضبوط و مستحکم کر رہے ہیں جس میں ڈیورنڈ لائن بھی شامل ہے تاکہ استعمار کی یہ پالیسی: "تقسیم کرو اور حکمرانی کرو" کامیابی سے چلتی رہے۔ ہماری اسلام اور مسلمانوں سے سچی محبت اور اخلاص پر سیخ پا ہو کر پاکستان کے حکمرانوں نے اغوا کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے تاکہ ہم امریکا سے ان کے اتحاد کو قبول کر لیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا، **﴿وَمَا نَقَمُوا مِنْهُمْ إِلَّا أَنْ يُؤْمِنُوا بِاللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ﴾ "اور ان کو مومنوں کی یہی بات بری لگتی تھی کہ وہ اللہ پر ایمان لائے ہوئے تھے جو غالب (اور) قابل ستائش ہے۔"** (البروج، 85:8)۔

اے پاکستان کے مسلمانو اور ان میں موجود قانونی برادری، انسانی حقوق کے کارکنان اور علمائے کرام!

ہم خوش قسمت ہیں کہ ہمیں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے منیب اور اس جیسے بے شمار بیٹے عطا کیے ہیں کہ جنہوں نے جابر حکمرانوں کے دور میں ہماری جانب سے اپنی آواز بلند کی، صرف اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی عبادت، اور اللہ کے سوا کسی اور سے نہ ڈرنے کی دعوت دی۔ لیکن جہاں ہم منیب جیسے اپنے بیٹوں کے موقف کی تعریف کرتے ہیں، تو اس کے ساتھ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ ہمیں جہاں اپنے اِن بیٹوں کی جس قدر ممکن ہو حمایت کرنی ہے، وہیں ان کی مقدس جدوجہد کی راہ میں آنے والی رکاوٹوں کو ہٹانا بھی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، **«مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا، نَفَّسَ اللَّهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ» "جو شخص کسی مومن پر سے کوئی دنیا کی سختی دور کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر آخرت کی سختیوں میں سے ایک سختی دور کرے گا۔"** (مسلم)۔ تو وہ جو دینِ اسلام کی مدد کرتے ہیں اور اس کے داعیوں کی عزت کرتے ہیں، اپنی آواز بلند کریں!

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

حزب التحریر آفیشل ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrir.org:
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrir.info:

ویب: www.hizb-pakistan.com انسٹاگرام: https://instagram.com/HTmediaPAK01 ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK4 ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
واٹس ایپ نمبر: +967 713 645 449 پوڈکاسٹ: https://anchor.fm/HTmediaPAK